© rasailojaraid.com

قارئین بنام مدیر

افکار و تاثرات

- پاکستان میں جنسی تعلیم کے عملی اقدامات / میاں طفیل محمد
- عمرہ ویزا کے سلسلہ میں سعودی سفارتخانہ کی وضاحت / سفارتخانہ سعودی عرب
- پی ٹی وی پروگرام ایک لمحہ فکریہ / شیخ عبدالستار
- نئے اسلامی سال کی آمد پر / مولانا عبدالرشید انصاری
- قرآن مجید بمع انگریزی ترجمہ / ادارہ اشاعت قرآن
- قادیانیت کے خلاف جہاد کرنے والے اکابرین / عبدالرشید

پاکستان میں جنسی تعلیم کے عملی اقدامات

بخدمت جناب مولانا سمیع الحق صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ آج ۱۷ اپریل ۱۹۹۶ء کے روزنامہ جنگ لاہور کا فرنٹ کا اور آخری صفحہ اور ان صفحات کی پشت پر بیناؤں کے اشتہارات ملاحظہ فرمایئے اور پاکستان کے دستور کی دفعہ ۲ اور اس دستور میں سرکاری پالیسی سازی سے متعلق مقرر کردہ اصولوں اور ہدایات کی روشنی میں ان کو دیکھیئے کہ کس دھڑلے سے دستور پاکستان کو پاؤں تلے روندا جا رہا ہے۔ حد یہ ہے کہ حکومت کے وزیر تعلیم یہ فرماتے ہیں کہ "جنسی تعلیم کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے"۔ یہ صورتحال دینی عقائد و اقدار کے حامل کسی بھی شخص کے لیے سخت تکلیف دہ بلکہ ناقابل برداشت ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ اب تک اس بارے میں دین کا درد رکھنے والے بعض صحافیوں اور وکلاء نے انفرادی طور پر تو اسلامی دستوری دفعات کی تنفیذ کے لیے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے، لیکن جماعت اسلامی یا کسی بھی دینی جماعت کو جنہوں نے چالیس سال کی شب و روز محنت اور جدوجہد سے یہ دستور بنوایا اور نافذ کرایا وہ اس بارے میں بالکل بے حسی کا شکار ہوگئی ہیں۔ اس لیے میری درخواست ہے کہ جماعت اسلامی نے حال ہی میں نفاذ دستور کے لیے جو کمیٹی بنائی ہے۔ اس کی طرف یا پھر ملی یکجہتی کونسل کے ذریعہ سے اس صورت حال کا سختی سے نوٹس لینے اور سود اور ارکان اسمبلی کے لیے دستور میں مقرر اوصاف کے مطابق انتخاب کو یقینی بنانے وغیرہ کے لیے سنجیدگی سے کوشش فرمائیں۔ ملک اور اس کی حکومت کو راہ راست پر لانے کا صحیح اور

© rasailojaraid.com